ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کے اِجلاس منعقدہ مورخہ 01-10-2026 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کا اِجلاس آج مورخہ 01-10-2026 بروز جمعرات بوقت 11:00 بجے دن زیرِ صدارت جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب، صدر ایوان بحاضری درجِ ذیل اراکین دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی:-

۱. جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب
۲. جناب اظہر ممتاز ٹیپو صاحب
۳. جناب شیخ عبدالوہاب صاحب
۴. جناب میاں حسین احمد فضل صاحب
۵. جناب میاں فضل الٰہی شیخ صاحب
۶. جناب محمد اسلم بھٹہ صاحب
۷. جناب محبوب الٰہی شیخ صاحب
۸. جناب ندیم احمد شیخ صاحب
۹. جناب خواجہ محمد عمر صاحب
۱۰. جناب محی الدین اورنگزیب عالمگیر صاحب
۱۱. جناب عمران ارشد صاحب
۱۲. جناب ریاض حسین صدیقی صاحب
۱۳. جناب محمد بلال شیخ صاحب
۱۴. جناب محمد شہزاد کریم صاحب
۱۵. جناب چوہدری طارق کریم صاحب
۱۶. جناب احمد نبیل صاحب
۱۷. جناب مرزا شاہد حسین صاحب
۱۸. جناب حافظ عمیر سعید صاحب
۱۹. جناب نواب عاطف اشفاق صاحب
۲۰. جناب حماد احمد میاں صاحب
۲۱. جناب شیخ محمد طاہر صاحب
۲۲. جناب حافظ طارق بشیر چوہدی صاحب
۲۳. جناب حسن اقبال صاحب
۲۴. جناب ڈاکٹر محمد اسلم صاحب
۲۵. محترمہ فرزین غزل صاحبہ
۲۶. محترمہ فریحہ شاہد صاحبہ

نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس

۱۔ آغاز اجلاس۔

اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔

تلاوت کے بعد درج ذیل تعزیتی قرارداد پیش کی گئیں:

۱. زوجہ محترمہ جناب خواجہ محمد عبداللہ مرحوم (سابق صدر ایوان) و والدہ محترمہ خواجہ محمد عثمان اور خواجہ محمد حسین سابق صدور ایوان

۲. خوشدامن صاحبہ جناب میاں فضل الٰہی شیخ صاحب

مندرجہ بالا مرحومین کے انتقال پر مجلس عاملہ نے گہرے دُکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے ان کی روح کے ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور متفقہ طور پر تعزیتی قرارداد منظور کی اور سیکرٹری جنرل کو ہدایت کی کہ مذکورہ مرحومین کے لواحقین کو تعزیتی قرارداد کی نقول بھجوائی جائیں۔

۲. مجلسِ عاملہ کے اجلاس کے اوقات اور نظم وضبط۔

صدرِ ایوان کی تجویز پر مجلسِ عاملہ نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ آئندہ مجلسِ عاملہ کے اجلاس شام 04:00 بجے شروع ہوں گے اور ہر اجلاس کا دورانیہ 70 منٹ مقرر کیا گیا ہے۔ تمام اراکین سے توقع کی گئی کہ وہ وقت کی پابندی کو یقینی بنائیں گے اور اجلاس کے ڈیکورم اور نظم وضبط کا خصوصی خیال رکھیں گے۔ یہ بھی طے کیا گیا کہ اجلاس میں پہلے تشریف لانے والے اراکین اگلی نشستوں پر بیٹھیں گے، جبکہ تاخیر سے آنے والے اراکین دستیاب نشستوں پر تشریف رکھیں گے، تا کہ اجلاس کی کارروائی بلا رکاوٹ جاری رہ سکے۔

۳. سب کمیٹیوں کی تشکیل اور کنوینرز کی کارکردگی۔

اجلاس میں مختلف سب کمیٹیوں کی تشکیل کی گئی اور ان کے کنوینرز کے نام بھی تجویز کیے گئے۔ صدرِ ایوان نے مجلسِ عاملہ کو آگاہ کیا کہ فی الحال ان کمیٹیوں کے کوکنوینرز مقرر نہیں کیے گئے۔ مزید بتایا گیا کہ تمام مقرر کردہ کنوینرز کو اپنی متعلقہ کمیٹیوں کو فعال بنانے اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے تین ماہ کا وقت دیا گیا ہے۔ اگر کوئی کنوینز تین ماہ کے اندر اپنی کمیٹی کو مؤثر طور پر فعال کرنے یا مقررہ اہداف حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہو سکا تو اس کی جگہ نیا کنوینز مقرر کیا جاسکے گا۔

تمام سب کمیٹیوں اور ان کے کنوینرز کے نام درج ذیل ہیں:

(PTO)

نمبرشمار	ایجنڈا	کاروائی اجلاس

1. فنانس اینڈ انوسٹمنٹ کمیٹی (Finance & Investment)

کنوینر: جناب خواجہ محمد عمر صاحب

2. گورنمنٹ لائزآن کمیٹی (Government Liaison)

کنوینر: جناب خواجہ ریاض حسین صدیقی صاحب

3. آڈٹ اینڈ رِسک کمیٹی (Audit & Risk)

کنوینر: جناب خواجہ احمد نبیل صاحب

4. ممبرشپ، رینیول اینڈ ووٹر افیئرز (Membership, Renewal & Voter Affairs)

کنوینر: جناب ندیم احمد شیخ صاحب

5. ٹیکسیشن اینڈ فِسکل افیئرز (Taxation & Fiscal Affairs)

کنوینر: جناب ڈاکٹر محمد اسلم صاحب

6. ایس ایم ای اینڈ انٹرپرینیورشپ (SME & Entrepreneureship)

کنوینر: جناب عمران احمد شیخ صاحب

7. ایگریکلچر اینڈ ایگروبیسڈ انڈسٹری (Agriculture & Agro-Based Industry)

کنوینر: جناب حماد احمد میاں صاحب

8. لیگل، ریگولیٹری اینڈ کارپوریٹ گورنینس

(Legal, Regulatory & Corporate Governance)

کنوینر: جناب شیخ محمد بلال صاحب

9. انٹرنیشنل ریلیشن، انوسٹمنٹ اینڈ ڈیلیگیشن

(International Relations, Investment & Delagtions)

کنوینر: جناب شیخ عبدالوہاب صاحب

10. ٹیکنالوجی، ڈیجیٹلائزیشن اینڈ انوویشن

(Technology, Digilization & Innovation)

کنوینر: جناب نواب عاطف اشفاق صاحب

11. ایجوکیشن، سکلس، یوتھ اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ

(Education, Skills, Youth & Human Resource Development)

کنوینر: جناب حسن اقبال صاحب

(PTO)

نمبرشمار	ایجنڈا	کاروائی اجلاس
		12 . انڈسٹری، ٹریڈ اینڈ ایکسپورٹ (Industry, Trade & Export) کنوینر: جناب میاں حسین احمد فضل صاحب 13 . کارپوریٹ سوشل ریسپونسیبلیٹی (Corporate Social Responsibility) کنوینر: جناب میاں فضل الٰہی صاحب 14 . میڈیا کمیونیکیشنز اینڈ پبلک ریلیشن (Media Communications & Public Relation) کنوینر: جناب حافظ عمیر سعید صاحب 15 . فالو اپ (Follow-Up) کنوینر: جناب ندیم احمد شیخ صاحب
۴.	**پرووِیژنل ممبرشپ سرٹیفکیٹ کا اجراء:**	ممبران کی سہولت اور ممبرشپ کے حصول کے عمل کو مزید آسان بنانے کے لیے تجویز کیا گیا کہ ممبرشپ کمیٹی اور مجلسِ عاملہ کی جانب سے حتمی فیصلہ ہونے سے قبل درخواست گزار کو پرووِیژنل ممبرشپ سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے۔ مجلسِ عاملہ نے اس معاملے پر مزید غور و خوض کرنے اور قابلِ عمل تجاویز پیش کرنے کیلئے یہ ذمہ داری ممبرشپ کمیٹی کو دی۔
۵.	**یکم جولائی تا 30 ستمبر کے اخراجات کا آڈٹ:**	صدر ایوان نے مجلسِ عاملہ کو آگاہ کیا کہ حالیہ انتخابات کے بعد نئی مجلسِ عاملہ نے یکم اکتوبر 2026ء سے اپنے عہدے کا چارج سنبھالا ہے، جبکہ یکم جولائی تا 30 ستمبر 2026ء کے دوران ہونے والے اخراجات سبکدوش ہونے والی مجلسِ عاملہ کے دور میں کیے گئے۔ صدر ایوان نے تجویز پیش کی کہ شفافیت اور مالی امور کے باقاعدہ جائزے کے لیے مذکورہ تین ماہ کے اخراجات کا خصوصی آڈٹ کروایا جائے۔ مجلسِ عاملہ نے متفقہ طور پر یکم جولائی تا 30 ستمبر 2026ء کے اخراجات کے آڈٹ کی منظوری دے دی۔ مذکورہ آڈٹ نو منظور شدہ آڈیٹر، PKF FRANTS Chartered Accountants کے ذریعے کروایا جائے گا۔

نمبرشمار	ایجنڈا	کاروائی اجلاس
۶۔	توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس مجلس عاملہ۔	سابقہ اجلاس کی کاروائی جوکہ اراکین مجلس عاملہ کو اجلاس کے دوران مہیا کی گئی، کی مجلس عاملہ ایوان نے باالاتفاق رائے اس کی منظوری دی۔

اب کیونکہ اورکوئی معاملہ برائے زیرغور نہیں تھا لہٰذا اجلاس کی کاروائی صدر صاحب کے شکریہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

صدر

ایوانِ تجارت وصنعت ملتان